## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن کامشترکہ اجلاس، پنجاب کنونشن کی شاندار کامیابی کا جائزہ لیا گیا

## چندروز میں رابطہ کمیٹی اورصوبائی تنظیمی کمیٹی کامشترکہ اجلاس ہوگا جس میں پنجاب میں ایم کیوایم کی تنظیمی وسیاسی سرگرمیوں کومستقل بنیادوں پرمنظّم اورمربوط بنانے کیلئے اہم فیصلے کئے جائیں گے

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا پنجاب کنونشن کوکامیاب اورتاریخی بنانے پرپنجاب کے عوام سے دلی تشکر کا اظہار

## سیاسی وسماجی کارکنوں،ٹریڈیونینوں اورتاجرتنظیموں کے ارکان،طلبہ وطالبات اوردیگرافراد کی ایم کیوایم میں شمولیت کازبردست خیرمقدم

## پنجاب کے بزرگوں،نوجوانوں،ماؤں، بہنوں، بچوں،بچیوں،طلبہ وطالبات،وکلاء،مزدوروں،کسانوں، محنت کشوں،فنکاروں،ادیبوں،اہل قلم حضرات اوردیگرشعبوں کے افرادنے کنونشن کوکامیاب بناکرثابت کردیاہے کہ اب ایم کیوایم اورقائدتحریک الطاف حسین ہی ہرشعبہ ءزندگی کےعوام کی امیدوں کامرکز بن چکے ہیں

## باشعورعوام اس نتیجہ پرپہنچ گئے ہیں کہ صرف ایم کیوایم ہی ملک میں ایک بھرپورعوامی انقلاب اورمثبت تبدیلی کی ضمانت ہے۔رابطہ کمیٹی ایم کیوایم

لندن۔۔۔27 اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن کامشترکہ اجلاس آج ہواجس میں پنجاب کنونشن کی شاندار کامیابی کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ چندروز میں رابطہ کمیٹی اور پنجاب کے تنظیمی معاملات کی نگرانی کرنے والی صوبائی تنظیمی کمیٹی کامشترکہ اجلاس ہوگا جس میں پنجاب میں ایم کیوایم کی تنظیمی وسیاسی سرگرمیوں کومستقل بنیادوں پر منظّم اورمربوط بنانے کیلئے تفصیلی مشاورت کی جائے گی اوراہم فیصلے کئے جائیں گے۔اجلاس میں پنجاب کنونشن کوبھرپورشرکت کے ذریعے کامیاب اورتاریخی بنانے پرپنجاب کے عوام سے دلی تشکر کا اظہار کیا گیااورکنونشن کی تاریخی کامیابی پرتحریک کے تمام کارکنوں کوزبردست مبارکباد پیش کی گئی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پنجاب کے بزرگوں،نوجوانوں،ماؤں، بہنوں،بچوں،بچیوں،طلبہ وطالبات، وکلاء،مزدوروں،کسانوں،محنت کشوں،فنکاروں،ادیبوں،اہل قلم حضرات اوردیگرشعبوں سے تعلق رکھنے والے افرادنے سخت گرمی کے باوجود ہزاروں کی تعداد میں اس کنونشن کوکامیاب بناکرثابت کردیاہے کہ اب ایم کیوایم اورقائدتحریک الطاف حسین ہی ہرشعبہ ءزندگی کےعوام کی امیدوں کامرکز بن چکے ہیں ۔اجلاس میں پنجاب میں سیاسی وسماجی کارکنوں،ٹریڈیونینوں اورتاجرتنظیموں کے ارکان،طلبہ وطالبات اورمختلف شعبوں کے ارکان کی ایم کیوایم میں شمولیت کازبردست خیرمقدم کرتے ہوئے کہا گیا کہ باشعورعوام اب اس نتیجہ پرپہنچ گئے ہیں کہ صرف ایم کیوایم ہی ملک میں ایک بھرپورعوامی انقلاب اورمثبت تبدیلی کی ضمانت ہے۔اجلاس میں پنجاب کنونشن کی بھرپورکوریج پرالیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے مالکان، مدیران،صحافیوں،کیمرہ مینوں،فوٹوگرافروں،اینکرپرسن،تجزیہ نگاروں اورکالم نگاروں سمیت تمام ٹی وی چینلز، اخبارات اوررسائل وجرائد کے عملے کے ایک ایک رکن سے دلی تشکر کا اظہار کیا گیا۔رابطہ کمیٹی نے کنونشن کیلئے رات دن محنت کرنے پر پنجاب کے تمام زونوں اورضلعوں کے مردوخواتین عہدیداروں اورکارکنوں کوبھی زبردست خراج تحسین پیش کیا گیااورچاروں زونوں کے ذمہ داران کوہدایت کی گئی کہ اپنے اپنے اضلاع کے ذمہ داران وکارکنوں کی مشاورت سے کام کوتیز کیا جائے۔

## کوئٹہ میں بلوچستان یونیورسٹی کی خاتون پروفیسرناظمہ طالب کا بہیمانہ قتل قابل مذمت ہے۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

## پروفیسرناظمہ طالب کے قاتلوں کوگرفتار کیا جائے اورکوئٹہ اوربلوچستان کے دیگرشہروں میں شہریوں کوتحفظ فراہم کیا جائے

کراچی۔۔۔27 اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کوئٹہ میں بلوچستان یونیورسٹی کی خاتون پروفیسرناظمہ طالب کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کوئٹہ میں اس سے قبل بھی غیرمقامی اساتذہ،سرکاری افسران واہلکاروں اورعام شہریوں کواسی طرح دہشت گردی کا نشانہ بنایا جاچکا ہےاورآج بلوچستان یونیورسٹی کی ایک معصوم و بے گناہ خاتون پروفیسرکودہشت گردی کا نشانہ بناکرقتل کردیا گیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے وفاقی وصوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ پروفیسرناظمہ طالب کے بہیمانہ قتل میں ملوث افرادکوگرفتارکیا جائے اورکوئٹہ اوربلوچستان کے دیگرشہروں میں شہریوں کوتحفظ فراہم کیا جائے۔رابطہ کمیٹی نے پروفیسرناظمہ طالب کےلواحقین سے بھی دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکیااوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ پروفیسرناظمہ طالب کواپنی جوارِرحمت میں جگہ دےاورلواحقین کوصبرجمیل عطاکرے۔

## سابق ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال امریکہ کے ممتاز تھنک ٹینک جیمز بیکر انسٹیٹیوٹ فار پبلک پالیسی کی دعوت پر لیکچر دینے کیلئے ہیوسٹن پہنچ گئے

## یہ لیکچر ہیوسٹن کی رائس یونیورسٹی میں ہوگا جس میں یونیورسٹی کے طلبہ وطالبات سمیت اہم شخصیات شرکت کریں گی

## مصطفےٰ کمال لیکچر کے بعد واشنگٹن اور دیگر شہروں کا بھی دورہ کریں گے جہاں ان کی اہم امریکی شخصیات سے ملاقاتیں ہوں گی

ہیوسٹن۔۔۔27 اپریل 2010ء

سابق ناظم کراچی اور متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید مصطفےٰ کمال امریکہ کے ممتاز تھنک ٹینک جیمز بیکر انسٹیٹیوٹ فار پبلک پالیسی کی دعوت پر لیکچر دینے کیلئے امریکہ کے شہر ہیوسٹن پہنچ گئے ۔جیمز بیکر انسٹیٹیوٹ امریکہ کے 30 ممتاز تھنک ٹینک میں سے ایک ہے اور اس نے سابق ناظم کراچی مصطفےٰ کمال کو''دنیا کے بڑے شہروں کا مستقبل: کراچی کا مقدمہ اور خطہ میں اس کی اہمیت'' کے موضوع پر لیکچر دینے کیلئے مدعو کیا ہے۔یہ لیکچر ہیوسٹن کی رائس یونیورسٹی میں ہوگا جس میں یونیورسٹی کے طلبہ وطالبات سمیت اہم شخصیات شرکت کریں گی۔مصطفےٰ کمال لیکچر کے بعد واشنگٹن اور دیگر شہروں کا بھی دورہ کریں گے جہاں ان کی اہم امریکی شخصیات سے ملاقاتیں ہوں گی۔

## پاکستان میں متعین سویڈن سفیر محترمہ Ulrika Sundberg کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔27/اپریل2010ء

پاکستان میں متعین سویڈن سفیر محترمہ Ulrika Sundberg نے منگل کی صبح ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کا دورہ کرکے رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل اور کنور خالد یونس سے اور سندھ اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر وصوبائی وزیر سید سردار سے ملاقات کی اور ان سے پاکستان کی سیاسی ،معاشی اور اقتصادی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ کیا۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے محترمہ سفیر کو بتایا کہ قائد تحریک الطاف حسین اس ملک سے استحصالی اور جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتے ہیں اور ملک میں متوسط طبقے سے قیادت نکالنا چاہتے ہیں،ایم کیوایم کا پنجاب کنونشن اس سلسلے کی ایک کڑی ہے ۔جس کے انعقاد سے پنجاب کے عوام میں بیداری کی ایک لہر پیدا ہوئی ہے۔ اس سے قبل جب معزز مہمان نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال پہنچے تو رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ان کا استقبال کیا،اس موقع پر محترمہ سفیر کے ہمراہ کراچی میں سویڈن کے اعزازی قونصل جنرل جناب مونس خان بھی تھے۔ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک جاری رہی جس میں دونوں جانب سے باہمی رابطوں پر زور دیا گیا۔انہوں نے حق پرست بلدیاتی قیادت کی جانب سے کراچی میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی کاموں تفصیل بتائی۔اس موقع پر سویڈن کی سفیر کراچی میں ترقیاتی کاموں کی تعریف کی۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے سویڈن کی سفیر محترمہ Ulrika Sundberg کو ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی تصویری سوانحہ حیات پر مشتمل کتاب بھی پیش کی۔

## کنونشن کی کامیابی اس بات کی غماز ہے کہ پنجاب ایم کیوایم کا مضبوط گڑھ ہے

## پنجاب کے عوام نے ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپگنڈوں کو مسترد کر کے الطاف حسین کو نجات دہندہ تسلیم کرلیا

## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے قائد تحریک الطاف حسین کو کنونشن کی کامیابی مبارکباد

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرا اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ٹیلی فون،فیکس اور ای میل کے ذریعے عوام کے پیغامات کا تانتا

کراچی۔۔۔27/اپریل2010ء

پنجاب کنونشن کی شاندار کامیابی پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد خصوصاً دانشور،ادیب،پروفیسرز،اساتذہ،ڈاکٹرز،انجینئرز،وکلاء،شعراء،علماء،تاجر،صنعتکار، صحافی طلباء ایم کیوایم محبان پاکستان اوورسیز اور،دنیا بھر میں مقیم ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کی جانب سے قائد تحریک الطاف حسین کو مبارکباد اور تہنیتی پیغامات بھیجنے کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔منگل کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرا اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ٹیلی فون،فیکس اور ای میل کے ذریعے سے ملنے والے پیغامات میں انہوں نے کہا کہ پنجاب کنونشن کی کامیابی سے ثابت ہوگیا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کا نظریہ پوری طرح پنجاب کے عوام کے دلوں میں اتر چکا ہے اور پنجاب کے غیور عوام اب جاگ چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے نئے صوبوں کے قیام کا مطالبہ کرکے عوام کی خواہشات کی ترجمانی کی ہے جس سے ملک مضبوط ہوگا اور ملک میں استحکام بڑھے گا۔انہوں نے کہا کہ دو فیصد مراعات یافتہ طبقے نے اپنی چودھراہٹ ختم ہونے کے خوف سے ملک بھر بالخصوص پنجاب کے عوام کو الطاف حسین اور ایم کیوایم سے گمراہ کیا اور ان پر بے بنیاد الزامات عائد کیے تاہم 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام اب ایم کیوایم کیخلاف پھیلائے گئے منفی پروپگنڈوں سے آگاہ ہوچکے ہیں اور قائد تحریک

الطاف حسین کو اپنا نجات دہندہ تسلیم کر چکے ہیں اور پنجاب کنونشن کی کامیابی اس کی واضح دلیل ہے جس سے جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں کی نیندیں حرام کر دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جن عناصر نے پنجاب میں قائد تحریک الطاف حسین کے پیغام کو پھیلنے سے روکنے کیلئے ایم کیو ایم کیخلاف منفی پروپگنڈے کیے پنجاب کے لوگوں نے ان پروپگنڈوں کو یکسر مسترد کر دیا اور حق پرستی کی تحریک میں قائد تحریک الطاف حسین کے شانہ بشانہ چلنے کا عزم کر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت ملک کو فرسودہ جاگیردارانہ نظام سے نجات دلا سکتی ہے، ایم کیو ایم ملک بھر کے غریب و متوسط طبقے کی واحد نمائندہ جماعت ہے جو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کے عملی جدوجہد کر رہی ہے اور جمہوری اصلولوں پر عمل پیرا ہو کر ملک کی تعمیر و ترقی، عوام کی خوشحالی اور صحیح معنوں میں غریبوں کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے جس طرح ایم کیو ایم نے کراچی و حیدرآباد سمیت سندھ کے شہری علاقوں میں ترقیاتی کاموں کو فروغ دیا ہے اگر ایم کیو ایم کو پنجاب سمیت دیگر صوبوں میں بھی نمائندگی ملتی ہے تو ایم کیو ایم وہاں بھی بڑے پیمان پر ترقیاتی کاموں کو فروغ دیگی۔

## ایم کیو ایم فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کر کے ملک میں غریب و متوسط طبقے کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے، حق پرست سینیٹرز

## پنجاب کنونشن کی تاریخی کامیابی سے ملک میں تبدیلی کی ہوائیں چلنا شروع ہوگئ

## پنجاب کے عوام سے کنونشن میں بھرپور شرکت پر اظہار تشکر

کراچی۔۔۔27، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینیٹ نے کہا کہ ملک کو ترقی و خوشحالی کے راستے پر گامزن کیلئے پنجاب کنونشن اہم سنگ میل ثابت ہوگا، لاہور، راولپنڈی اور ملتان میں منعقدہ ایم کیو ایم پنجاب کنونشن کی تاریخی کامیابی اس بات کی واضح دلیل ہے کہ پنجاب کے عوام میں شعور بیداری کا عمل شروع ہو چکا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے صوبہ پنجاب کے حق پرست بزرگوں، ماؤں، بہنوں، نوجوانوں، طلباء و طالبات اور بچوں کی بھرپور انداز میں شرکت پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا حق پرستانہ فلسفہ سندھ سے نکل کر پنجاب سبز و شاداب کھیتوں میں داخل ہو چکا ہے جو پنجاب کے غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے دلوں کی دھڑکن بن گیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ پنجاب کے عوام بھی ایم کیو ایم کی جدوجہد میں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ملک سے فرسوہ جاگیردارانہ نظام کا جڑ سے خاتمہ کر کے ملک میں غریب و متوسط طبقے کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے اور یہ اس وقت ہی ممکن ہوگا جب عوام اپنے اندر سے قیادت کو باہر نکالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے پنجاب کے عوام کے بنیادی مسائل، محرومیوں اور ناانصافیوں کے خاتمے کیلئے اپنے اندر سے قیادت نکالنے کی جو گیڈر سنگی پنجاب کے عوام دی ہے اس نے پورے پنجاب کو بیدار کر دیا ہے اور اب پنجاب کے عوام سمجھ چکے ہیں کوئی جاگیردار، وڈیرہ اور سرمایہ ان کے مسائل حل نہیں کریگا بلکہ اس کیلئے انہیں خود ہی میدان میں آنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کنونشن کی تاریخی کامیابی سے ملک میں نظام کی تبدیلی کی ہوائیں چل پڑی ہیں اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کی تبدیلی یقینی ہے۔ حق پرست سینیٹرز نے پنجاب کنونشن کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کرنے پر پنجاب بھر کی ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں، طلباو طالبات، معصوم بچوں، دانشوروں، صحافیوں، وکلاء، صنعتکاروں، تاجروں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔

## حق پرست عوام عبدالقادر لاکھانی کی صحت یابی کیلئے دعا کرے، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔27 اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ کے رکن وحق پرست سابق رکن سندھ اسمبلی عبدالقادر لاکھانی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام خصوصاً ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ عبدالقادر لاکھانی کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالی کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔27؍اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی نے نیوکراچی سیکٹر یونٹ 139 کے کارکن جاوید اختر کے والد سید بخش، محمود آباد یوسی 5 کے کارکن محمد رئیس انصاری کے والد ادریس انصاری اور لیاری سیکٹر یونٹ 29 کے کارکن مشتاق کے بڑے بھائی محمد مختیار کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆